رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: متوسطہ سال اول　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: موضوعات القرآن

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____　　دستخط نگران مرکز امتحان: _____　　دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: ایک سفر میں ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کا۔۔۔ مدینہ طیبہ کے قریب کسی مقام میں گم ہو گیا۔

(الف) کنگن　　(ب) جوتا　　(ج) ہار　　(د) رومال

سوال نمبر 2: تیمّم میں۔۔۔ فرض ہیں۔

(الف) تین　　(ب) چار　　(ج) پانچ　　(د) چھ

سوال نمبر 3: ہبار بن اسود نے۔۔۔ کو نیزہ مارا جس کی وجہ سے آپ اونٹ سے گر گئیں اور آپ کا حمل ساقط ہو گیا۔

(الف) حضرت رقیہ　　(ب) حضرت زینب　　(ج) حضرت ام کلثوم　　(د) حضرت فاطمہ

سوال نمبر 4: نبی کریم ﷺ نے ہبار بن اسود کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(الف) قتل کر دیا　　(ب) شہر سے نکال دیا　　(ج) معاف کر دیا　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: سفر ہجرت میں آقا کریم ﷺ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ۔۔۔ ٹھہرے۔

(الف) کوہ طور پر　　(ب) غار حرا میں　　(ج) میدان عرفات میں　　(د) غار ثور میں

سوال نمبر 6: عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہتے ہیں۔

(الف) خدا　　(ب) نبی　　(ج) خدا کا بیٹا　　(د) پہلا اور تیسرا

سوال نمبر 7: جب لوگ قحط میں مبتلا ہوتے تو۔۔۔ حضرت عباس بن عبد المطلب کے وسیلے سے بارش کی دعا کرتے۔

(الف) حضرت ابو بکر صدیق　　(ب) حضرت عمر بن خطاب　　(ج) حضرت عثمان ذوالنورین　　(د) حضرت علی المرتضیٰ

سوال نمبر 8: منافقین کا سردار۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) عبد اللہ بن اُبی کو　　(ب) ابو جہل کو　　(ج) ابو لہب کو　　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: شیخ ابو عبد اللہ خیاط کے پاس ایک آتش پرست کپڑے سلواتا اور ہر بار۔۔۔ دے جاتا تھا۔

(الف) درہم　　(ب) دینار　　(ج) اشرفی　　(د) ایک کھوٹا سکہ

سوال نمبر 10: حضرت عبد اللہ بن جحش نے۔۔۔ میں حضرت سعد سے کہا "کہ آؤ مل کر دعا کریں"۔

(الف) غزوہ بدر　　(ب) غزوہ احد　　(ج) غزوہ خندق　　(د) غزوہ حنین

سوال نمبر 11: حضرت انس بن نضر چچا تھے۔

(الف) حضرت انس کے　　(ب) حضرت عمر کے　　(ج) حضرت زید کے　　(د) حضرت زبیر کے

سوال نمبر 12: حضرت انس بن نضر کے جسم پر۔۔۔ سے زیادہ تلواروں، تیروں، اور نیزوں کے زخم تھے۔

(الف) 70　　(ب) 80　　(ج) 90　　(د) 100

سوال نمبر 13:۔۔۔ جنگ صفین کیلئے روانہ ہوئے تو راستے میں آپ کی زرہ اونٹ سے گر گئی۔

(الف) حضرت ابو بکر　　(ب) حضرت عمر　　(ج) حضرت عثمان　　(د) حضرت علی

سوال نمبر14: نبی کریم ﷺ نے۔۔۔کے بارے میں دس شخصوں پر لعنت کی۔

(الف) سود (ب) رشوت (ج) شراب (د) زنا

سوال نمبر15: زمانہ جاہلیت میں کفار نے۔۔۔ تیر بنائے ہوئے تھے۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر16: جس نے کاہن سے کسی چیز کے بارے میں پوچھا تو۔۔تک اس کی توبہ روک دی جاتی ہے۔

(الف) 20 راتوں (ب) 30 راتوں (ج) 40 راتوں (د) 50 راتوں

سوال نمبر17: فسادِ امت کے وقت جو شخص میری سنت پر عمل کرے گا اسے۔۔۔ شہیدوں کا ثواب عطا ہوگا۔

(الف) 70 (ب) 80 (ج) 100 (د) 1000

سوال نمبر18: بیت اللہ۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) خانہ کعبہ کو (ب) مسجد اقصیٰ کو (ج) مسجد نبوی کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: محرم کیلئے۔۔۔ ممنوع ہے۔

(الف) شکار کرنا (ب) جانور کی طرف اشارہ کرنا (ج) شکار کیلئے کسی بھی طرح بتانا (د) یہ تمام چیزیں

سوال نمبر20: جس امر کی شریعت میں مخالفت نہ آئی ہو وہ۔۔۔ ہے۔

(الف) مباح (ب) جائز (ج) ناجائز (د) پہلا اور دوسرا

سوال نمبر21: ۔۔۔کے ساتھ تجارت کے ارادہ سے ایک مہاجر شام کی طرف روانہ ہوئے۔

(الف) کفار (ب) عیسائیوں (ج) مشرکین (د) مسلمان

سوال نمبر22: جس چاندی کے جام پر سونے کا کام کیا ہوا تھا اس میں چاندی۔۔۔ تھی۔

(الف) تین سو مثقال (ب) تین سو اوقیہ (ج) تین سو گرام (د) تین سو تولہ

سوال نمبر23: "نہ تو اپنے بندے پر دو خوف جمع کروں گا اور نہ اس کیلئے۔۔۔ جمع کروں گا۔"

(الف) دو مال (ب) دو عظمتیں (ج) دو امن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: نبی کریم ﷺ نے کون سے نبی علیہ السلام کے روزے رکھنے کا صحابی کو حکم فرمایا؟

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کے (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے (د) حضرت داؤد علیہ السلام کے

سوال نمبر25: جو کافروں سے دوستی کرتے ہیں وہ اپنی جانوں پر۔۔۔ کرتے ہیں۔

(الف) رحم (ب) نرمی (ج) شفقت (د) ظلم